DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

مورخه 07.05.2024

| اخبارات | اہم قومی ومقامی خبریں | نمبرشمار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان کوخوشحال اور ترقی یافتہ بنا کر استحکام پاکستان میں کردارادا کرینگے،صدرزرداری | 01 |
| جنگ ودیگراخبارات | شیخ جعفرمندوخیل نے گورنربلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا | 02 |
| جنگ ودیگراخبارات | میرسرفرازبگٹی نے حکومتی اتحادیوں کے 11اراکین اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹری مقرر کردیا | 03 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان کا تعلیمی نظام تباہی کے دہانے پر ہے،راحیلہ درانی | 04 |
| جنگ ودیگراخبارات | عوام کومعیاری خوراک کی فراہمی پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا،نورمحمددمڑ | 05 |
| آزادی ودیگراخبارات | گورنرعوام کی خوشحالی لے کئے بھر پور کردارادا کرینگے،ڈاکٹر ربابہ | 06 |
| آزادی ودیگراخبارات | گورنرجعفرمندوخیل وفاق سے بلوچستان کے مسائل حل کروائیں گے، بخت محمد کاکڑ | 07 |
| باخبرودیگراخبارات | جعفرمندوخیل کی بطور گورنر تعیناتی خوش آئند ہے،نسیم الرحمان | 08 |
| جنگ ودیگراخبارات | مخلوط صوبائی حکومت کوترقی کی راہ پرگامزن کرے گی، عاصم کرد گیلو | 09 |
| جنگ ودیگراخبارات | وفاقی محتسب کے حکم پر بجلی بل پر عائد جرمانہ ختم کروادیا گیا | 10 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان کی تاریخ مین پہلی مرتبہ تین اضلاع میں خواتین ڈی سی تعینات | 11 |
| مشرق ودیگراخبارات | ڈیرہ بگٹی میں ڈالے جانے والے ووٹوں کی بائیومیٹرک تصدیق کرائی جائے، گہرام بگٹی | 12 |
| مشرق ودیگراخبارات | گوادر میں باڑ ساجد ترین نے ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی | 13 |
| مشرق ودیگراخبارات | سرحدی علاقوں کے لاکھوں عوام پر روزگار بند نہیں کرنے دینگے،مولانا ہدایت الرحمان | 14 |

## امن وامان:

گڈانی جیٹی اوراطراف میں شدید ہوائی فائرنگ، چوریاں بھی معمول بن گئیں، ایرانی تیل کی بندش، زمیندار سراپا احتجاج قومی شاہراہ بلاک، جام کالونی میں بچوں کی لڑائی چاقو کے وارت سے ایک شدید زخمی، حالت تشویشناک، کچلاک موٹرسائیکل چھیننے کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار، کوئٹہ پولیس کارروائیوں میں 16افراد گرفتار، گلستان میں فورسز اور مقامی افراد کے درمیان تصادم دوافراد ہلاک، 18زخمی،

## عوامی مسائل:

کلی لوہڑ کاریز میں مسائل کے انبار لگ گئے، مکین پریشان، سانحہ تین مئی کے متاثرین سے اظہار ہمدردی خضدار بار کا عدالتی بائیکاٹ ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ ،زیارت میں درختوں کے بے دریغ کٹائی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کارروائی سے گریزاں، گرین بسوں کی تعداد اور روٹ میں اضافہ کیا جائے، کیوڈی ایم، بلوچستان میں آٹا کی قیمت میں کمی، تندور مالکان کی ہٹ دھرمی جاری، چاغی پمپ مالکان پیٹرول مہنگا فروخت کرنے لگے، لاپتہ مسلم عارف کو بازیات کرایا جائے، اہل خانہ کی اپیل، کوہلو پولیس ایریا میں چوریاں معمول بن گئیں،

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 07.05.2024**

**اداریہ؛**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**گندم خریداری کا عمل کسانوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کی ضرورت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے ہر چند کہ اس وقت وطن عزیز پاکستان میں ایک اور بحران گندم کا سر اٹھا چکا ہے اور یہ بحران گندم کی قلت کا نہیں بلکہ اس کی اضافی مقدار کا ہے جو کسی المیے سے کم نہیں اور ان دنوں پرنٹ والیکٹرانک میڈیا سے لے کر کسانوں کا شتکاروں کی محافل اور سوشل میڈیا تک ہر جگہ اسی ایک مسئلے کی صدائے باز گوشت جاری ہے تاہم یہ بات اچھی اور مستحسن ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اس بحران اور جنم لینے والی صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے اضافی گندم درآمد کرنے کے معاملے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے وزیراعظم کے حکم اور ہدایت اور اس مسئلے کا جائزہ لینے سے قبل ہم بات ہمارے صوبے بلوچستان کی کرنا ضروری سمجھتے ہیں کیونکہ باقی صوبوں کی طرح بلوچستان میں بھی ان دنوں گندم کاشت کرنے والے زمیندار اور کسان شدید پریشانی اور مشکل سے دوچار ہیں انہیں خدشہ ہے کہ کہیں ان کے سال بھر کی محنت کا پھل ضائع نہ ہو تاہم یہ بات قابل ستائش ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز برملا اعلان کیا ہے کہ گندم کی اچھی خاصی مقدار دستیاب ہونے کے باوجود حکومت نہ صرف مزید پانچ لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدے گی بلکہ کسانوں کو بھی ریلیف دیا جائے گا اور فوڈ ڈیپارٹمنٹ سے بد عنوانی کا داغ بھی دھویا جائے گا سرکاری ذرائع سے جاری ہونے والی خبر کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت محکمہ خوراک کا اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس گزشتہ روز وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**گوادر میں ایک بار پھر باڑ لگانے کا معاملہ، بلوچستان مزید تنازعات کا متحمل نہیں ہو سکتا!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**پی پی ایل پبلک لائبریری قلات: زبوں حالی کا شکار**" کے عنوان سے جعفر قمبرانی کا مضمون تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان سے کھیلوں کے آباد میدان**" کے عنوان سے طارق خان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______

Dated: 07 MAY 2024 Page No.______

## صدر زرداری — بلوچستان کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنا کر استحکام پاکستان میں کردار ادا کرینگے

**ملکی ترقی اور صوبوں کو حقوق دینے کیلئے اٹھارویں آئینی ترمیم ہمارے دور میں پاس کی گئی، تمام صوبوں کو فائدہ پہنچا، عشائیے سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بلوچستان کو ترقی و خوشحالی دینا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے بلوچستان کو خوشحال و ترقی یافتہ بنا کر استحکام پاکستان کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرینگے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی، صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بلوچستان اپنے معدنی وسائل اور طویل ساحلی پٹی کی بدولت خاص اہمیت کا حامل ہے بلوچستان کی بنجر زمینوں کو موثر حکمت عملی کے ذریعے سیراب کر کے زرعی پیداوار میں اضافے کے قابل بنانے کی کوشش کرینگے ۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی اور صوبوں کو حقوق دینے کیلئے ہماری دور میں اٹھارویں آئینی ترمیم پاس کی گئی جس سے تمام صوبوں کو فائدہ پہنچا دنیا تیزی کے ساتھ ترقی کر رہی ہے، بلوچستان کے معدنی وسائل کو جدید طریقے سے نکالنے کی ضرورت ہے، صدر مملکت نے کہا کہ بلوچستان میں تیل اور گیس موجود ہیں لیکن ہم نے آج تک اس شعبے کو جدید خطوط پر استوار نہیں کیا، اب وقت ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو نکال کر ملکی معاشی ضروریات کو پورا کیا جا سکے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے کم آمدن و حق دار خاندانوں کو پیکیج دے رہے ہیں جس سے غریب خاندانوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے کوشش ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی طرح کے پروگراموں کو مزید وسعت دی جائے، میری کوشش ہے کہ میں پورے ملک خاص کر بلوچستان کی ترقی اور یہاں کے عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ کام کر سکوں بلوچستان حکومت کو سپورٹ کرینگے کہ وہ یہاں کے عوام کیلئے ترقی کے مواقع پیدا کر سکیں بلوچستان کے مسائل سیاسی ڈائیلاگ کے ذریعے حل ہونے چاہیے۔

---

Century Express Quetta

## بلوچستان کی ترقی اولین ترجیح — صوبے کے مسائل سیاسی ڈائیلاگ کے ذریعے حل ہونے چاہئیں، صدر زرداری

**اب وقت ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو نکال کر ملکی معاشی ضروریات کو پورا کیا جاسکے، وزیراعلیٰ بگٹی کے عشائیہ سے خطاب**

**صدر زرداری کوئٹہ پہنچ گئے، وزیراعلیٰ و دیگر کی ملاقات، ایئرپورٹ پر گورنر، وزیراعلیٰ، وزرا، اراکین اسمبلی نے استقبال کیا، مختلف امور پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں، مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی دینا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیے میں خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

نے کہا کہ بلوچستان کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنا کر استحکام پاکستان کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرینگے، بلوچستان اپنے معدنی وسائل اور طویل ساحلی پٹی کی بدولت خاص اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی بنجر زمینوں کو موثر حکمت عملی کے ذریعے سیراب کر کے زرعی پیداوار میں اضافے کے قابل بنانے کی کوشش کریں گے، ملکی ترقی اور صوبوں کو حقوق دینے کیلئے ہماری دور میں اٹھارویں آئینی ترمیم پاس کی گئی جس سے تمام صوبوں کو فائدہ پہنچا۔ صدر مملکت نے کہا کہ دنیا تیزی کیساتھ ترقی کر رہی ہے، بلوچستان کے معدنی وسائل کو جدید طریقے سے نکالنے کی ضرورت ہے، یہاں تیل اور گیس موجود ہیں لیکن ہم نے آج تک اس شعبے کو جدید خطوط پر استوار نہیں کیا مگر اب وقت ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو نکال کر ملکی معاشی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے کم آمدن و حق دار خاندانوں کو پیکیج دے رہے ہیں جس سے غریب خاندانوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے، کوشش ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی طرح کے پروگراموں کو مزید وسعت دی جائے، میری کوشش ہے کہ پورے ملک خاص کر بلوچستان کی ترقی اور یہاں کے عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ کام کر سکوں۔ صدر زرداری نے کہا کہ بلوچستان کی صوبائی حکومت کو سپورٹ کرینگے تاکہ یہاں کے عوام کیلئے ترقی کے مواقع پیدا کر سکیں۔ بلوچستان کے مسائل سیاسی ڈائیلاگ کے ذریعے حل ہونے چاہئیں۔ قبل ازیں صدر آصف علی زرداری بلوچستان کے سرکاری دورے پر کوئٹہ پہنچے کوئٹہ ایئرپورٹ پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزرا اور اراکین اسمبلی نے استقبال کیا، صدر مملکت کا منصب سنبھالنے کے بعد یہ بلوچستان کا پہلا دورہ ہے۔ صدر آصف زرداری سے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور دیگر صوبائی وزرا نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________

Dated: 07 MAY 2024 Page No.________

## بلوچستان کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنا کر مستحکم پاکستان میں کردار ادا کرینگے، صدر زرداری

**ملکی ترقی اور صوبوں کو حقوق دینے کیلئے اٹھارویں آئینی ترمیم ہمارے دور میں پاس کی گئی، تمام صوبوں کو فائدہ پہنچا، عشائیے سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بلوچستان کو ترقی وخوشحالی دینا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے بلوچستان کو خوشحال وترقی یافتہ بنا کر استحکام پاکستان کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرینگے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی، صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بلوچستان اپنے معدنی وسائل اور طویل ساحلی پٹی کی بدولت خاص اہمیت کا حامل ہے بلوچستان کی بنجر زمینوں کو موثر حکمت عملی کے ذریعے سیراب کر کے زرعی پیداوار میں اضافے کے قابل بنانے کی کوشش کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ترقی اور صوبوں کو حقوق دینے کیلئے ہماری دور میں اٹھارویں آئینی ترمیم پاس کی گئی جس سے تمام صوبوں کو فائدہ پہنچا دنیا تیزی کے ساتھ ترقی کر رہی ہے، بلوچستان کے معدنی وسائل کو جدید طریقے سے نکالنے کی ضرورت ہے، صدر مملکت نے کہا کہ بلوچستان میں تیل اور گیس موجود ہیں لیکن ہم نے آج تک اس شعبے کو جدید خطوط پر استوار نہیں کیا، اب وقت ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو نکال کر ملکی معاشی ضروریات کو پورا کیا جا سکے، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے کم آمدن وحق دار خاندانوں کو پیکیج دے رہے ہیں جس سے غریب خاندانوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے کوشش ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی طرح کے پروگراموں کو مزید وسعت دی جائے، میری کوشش ہے کہ میں پورے ملک خاص کر بلوچستان کی ترقی اور یہاں کے عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ کام کر سکوں بلوچستان حکومت کو سپورٹ کرینگے کہ وہ یہاں کے عوام کیلئے ترقی کے مواقع پیدا کر سکیں بلوچستان کے مسائل سیاسی ڈائیلاگ کے ذریعے حل ہونے چاہیے۔

Century Express Quetta

## بلوچستان کی ترقی اولین ترجیح

## صوبے کے مسائل سیاسی ڈائیلاگ کے ذریعے حل ہونے چاہئیں، صدر زرداری

**اب وقت ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو نکال کر ملکی معاشی ضروریات کو پورا کیا جاسکے، وزیراعلیٰ بگٹی کے عشائیہ سے خطاب**

**صدر زرداری کوئٹہ پہنچ گئے، وزیراعلیٰ ودیگر کی ملاقات، ایئرپورٹ پر گورنر، وزیراعلیٰ، وزرا، اراکین اسمبلی نے استقبال کیا، مختلف امور پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں، مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ بلوچستان کو ترقی اور خوشحالی دینا موجودہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیے میں خطاب کرتے ہوئے صدر مملکت (باقی صفحہ 5 نمبر 5) نے کہا کہ بلوچستان کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنا کر استحکام پاکستان کیلئے اپنا موثر کردار ادا کرینگے، بلوچستان اپنے معدنی وسائل اور طویل ساحلی پٹی کی بدولت خاص اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی بنجر زمینوں کو موثر حکمت عملی کے ذریعے سیراب کر کے زرعی پیداوار میں اضافے کے قابل بنانے کی کوشش کریں گے، ملکی ترقی اور صوبوں کو حقوق دینے کیلئے ہماری دور میں اٹھارویں آئینی ترمیم پاس کی گئی جس سے تمام صوبوں کو فائدہ پہنچا۔ صدر مملکت نے کہا کہ دنیا تیزی کیساتھ ترقی کر رہی ہے، بلوچستان کے معدنی وسائل کو جدید طریقے سے نکالنے کی ضرورت ہے، یہاں تیل اور گیس موجود ہیں لیکن ہم نے آج تک اس شعبے کو جدید خطوط پر استوار نہیں کیا مگر اب وقت ہے کہ بلوچستان کے قدرتی وسائل کو نکال کر ملکی معاشی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے کم آمدن وحق دار خاندانوں کو پیکیج دے رہے ہیں جس سے غریب خاندانوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے، کوشش ہے کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی طرح کے پروگراموں کو مزید وسعت دی جائے، میری کوشش ہے کہ پورے ملک خاص کر بلوچستان کی ترقی اور یہاں کے عوام کیلئے زیادہ سے زیادہ کام کر سکوں۔ صدر زرداری نے کہا کہ بلوچستان کی صوبائی حکومت کو سپورٹ کرینگے تاکہ یہاں کے عوام کیلئے ترقی کے مواقع پیدا کر سکیں۔ بلوچستان کے مسائل سیاسی ڈائیلاگ کے ذریعے حل ہونے چاہئیں۔ قبل ازیں صدر آصف علی زرداری بلوچستان کے سرکاری دورے پر کوئٹہ پہنچے کوئٹہ ایئرپورٹ پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزرا اور اراکین اسمبلی نے استقبال کیا، صدر مملکت کا منصب سنبھالنے کے بعد یہ بلوچستان کا پہلا دورہ ہے، صدر آصف زرداری سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور دیگر صوبائی وزرا نے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 07 MAY 2024 Page No.________

# شیخ جعفر خان مندوخیل نے گورنر بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا

**چیف جسٹس نے حلف لیا، تقریب میں وزیراعلیٰ، وزرا، دیگر کی شرکت، جعفر مندوخیل نے سیاست کا آغاز 1974 میں کیا**

**ترقی کی سمت درست کرنا ضروری، صوبائی حکومت سے تعلقات بہترین ہونگے، نئے گورنر کی گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر شیخ جعفر خان مندوخیل نے گورنر بلوچستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ حلف برداری کی تقریب گورنر ہاؤس کوئٹہ کے سبزہ زار پر ہوئی، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ نے شیخ جعفر خان مندوخیل سے ان کے عہدہ کا حلف لیا، تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سینیٹرز، صوبائی وزرا، ارکان قومی و صوبائی اسمبلی، چیف سیکرٹری بلوچستان، آئی جی پولیس، جامعات کے وائس چانسلران، اعلیٰ سرکاری حکام، سیاسی و قبائلی عمائدین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ دریں اثناء گورنر شیخ جعفر مندوخیل بلوچستان کے ضلع ژوب سے تعلق رکھتے ہیں، انہوں نے ابتدائی تعلیم کوئٹہ سے گریجویشن تک تعلیم کوئٹہ سے حاصل کی، عملی سیاست کا آغاز 1974 میں کیا ان کا شمار بلوچستان کے سینئر سیاستدانوں میں ہوتا ہے۔ 1988 میں پہلی بار انہوں نے ژوب سے صوبائی اسمبلی کی نشست پر مسلم لیگ کی ٹکٹ پر الیکشن لڑا۔ وہ 1990 سے 1993 تک وزیر تعلیم، 1993 سے 1996 تک وزیر خزانہ، 1997 سے 1999 تک وزیر داخلہ رہے ہیں۔ 2002 میں رکن اسمبلی کامیاب ہوئے، 2013 کے انتخابات میں کامیاب ہوئے اور ریونیو، ایکسائز اور ٹرانسپورٹ کے وزیر رہے۔ شیخ جعفر مندوخیل مسلم لیگ ن کے موجودہ صوبائی صدر ہیں۔ حلف برداری کی تقریب کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جعفر مندوخیل نے کہا کہ جس معاشرے میں بات چیت کے راستے بند ہوں وہ معاشرہ جبر کا ہوتا ہے امن وامان کیلئے سب سے بات کرنے کو تیار ہوں، بلوچستان کے ساتھ وفاق نہیں بلکہ یہاں کے لوگ ہی زیادتی کررہے ہیں، وفاق سے جو پیسے ملتے ہیں ان کا کوئی حساب کتاب نہیں ہے۔ صوبے میں گڈ گورننس ہوگی تو وفاق بھی مدد کے لئے آئے گا۔ صوبے کے حقوق کیلئے پہلے بھی بات کی ہے اور آئندہ بھی کریں گے صوبے کا مقدمہ لڑا ہے اور لڑتے رہیں گے امن وامان اولین ترجیح ہوگی۔ وفاقی حکومت سے کی جانب سے ابھی کوئی ٹاسک نہیں دیا گیا ہے، وفاقی حکومت کے ساتھ بیٹھیں گے۔ میں نے 35 سال صوبے میں پارلیمانی سیاست کی ہے صوبائی حکومت کے ساتھ بہترین تعلقات ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی ترقی کی سمت درست کرنا ہوگا صوبے میں مالی نظم وضبط لانے کی ضرورت ہے ماضی میں فنڈز کا غلط استعمال کیا گیا۔ صوبے میں فنڈز کے درست استعمال کو فروغ دیں گے صوبے میں گڈ گورننس اور میرٹ ہوگا تو وفاق بھی مدد کے لئے آگے آئے گا۔ ایک سوال کے جواب میں شیخ جعفر مندوخیل کا کہنا تھا کہ گوادر میں باڑ کے حوالے سے علم نہیں سیکورٹی معاملات پر بریفنگ کے بعد تبصرہ کرونگا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ سمیت ملک بھر میں توانائی کا بحران ہے گیس بحران کے حل کے لئے ذرائع تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔



کوئٹہ: چیف جسٹس بلوچستان ہاشم خان کاکڑ گورنر جعفر خان مندوخیل سے حلف لے رہے ہیں



کوئٹہ: صدر آصف علی زرداری کا گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل استقبال کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ الوداعی ملاقات کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 07 MAY 2024 Page No.

# Mandokhail takes oath as 24th Governor of Balochistan

## Says ready to hold talks with anybody willing to see peace in the province

**Staff Report**

**QUETTA:** Provincial President of Pakistan Muslim League (N) Sheikh Jafar Khan Mandokhail on Monday took oath as the 24th Governor of Balochistan.

The swearing-in ceremony of Governor Balochistan was held on the lawn of Governor House Quetta, in which Chief Justice Balochistan High Court Justice Hashim Kakar administered the oath of office to Sheikh Jafar Khan Mandukhel.

Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti, Senators, National Assembly Members, Provincial Ministers, Balochistan Assembly Members, Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Senior Bureaucrats, IG Police, Vice Chancellors of Jamaat, political and tribal elders participated. Governor Balochistan Sheikh Jafar Khan Mandokhail belongs to Doab district of Balochistan, he received his primary education from Quetta and also graduated from Quetta, he started politics in 1974. He is considered among the senior politicians of Balochistan.

Sheikh Jafar Khan Mandukhel first contested election from Doab provincial assembly seat on Muslim League ticket in 1988. The governor of Balochistan won on the ticket of Muslim League (Q) in 2002 elections, he won in 2013 elections and held three departments of Board of Revenue, Excise and Transport, and in the 2018 elections he won on the ticket of Muslim League (N).

He was a candidate but was defeated by Mutha Khan, the candidate of BAP Party, in the 2024 elections, he was a candidate of Muslim League (N) but he was defeated by a candidate of JUI.

Mandokhail has said that the society in which communication channels are closed is a society of oppression. It is not the federal government but the people here who are abusing it. There is no account of the money received from the federal government.

If there is good governance in the province, then the federal government will also come forward to help. He said this during the swearing-in ceremony. Later talking to the media said. He said that he has spoken for the rights of the province in the past and will continue to do so in the future. He has fought the case of the province and will continue to fight. Peace and security will be the first priority. I will play my role in relation to peace and security.

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

جلد 53 | منگل 28 شوال المکرم 1445ھ 7 مئی 2024ء | نمبر 126

قیمت 30 روپے


## بلوچستان میں 11 ارکان اسمبلی پارلیمانی سیکرٹری مقرر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان نے 11 ارکان بلوچستان اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹری مقرر کردیا۔ پیر کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کیبنٹ سیکشن کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکومتی اتحادی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے 11 ارکان صوبائی اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹری مقرر کیا ہے۔ جن میں پاکستان مسلم لیگ ن سردار مسعود لونی کو جنگلات و جنگلی حیات، برکت بلوچ کو فشریز، محمد خان لہڑی کو ایکسائز جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے 7 ارکان اسفند یار کاکڑ کو پی اینڈ ڈی، لیاقت لہڑی کو ایس اینڈ جی اے ڈی، مینا مجید بلوچ کو بین الصوبائی رابطہ، سنجے کمار کو اقلیتی امور، عبیداللہ گورگیج کو ایریگیشن، صمد گورگیج کو قانون و پارلیمانی امور اصغر رند کو توانائی اور جماعت اسلامی کے رکن مجید بادینی کو ٹرانسپورٹ کا پارلیمانی سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔



کوئٹہ: صدر آصف زرداری وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیے کے موقع پر خطاب کررہے ہیں



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی محکمہ مواصلات سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی طالب علم عرفان اللہ خلجی کو ٹیبلٹ دے رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No.________

Page No.________


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 52 | منگل 28 شوال 1445ھ 07 مئی 2024ء صفحات 08 | شمارہ 315

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. Mashriqqta2008@gmail | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# میر سرفراز بگٹی نے حکومتی اتحادیوں کے 11 اراکین اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹری مقرر کردیا

## سردار مسعود لونی جنگلات اور جنگلی حیات، برکت علی بلوچ فشریز، اسفندیار کاکڑ اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے مشیر مقرر

## رکن اسمبلی مینا مجید بلوچ بین الصوبائی رابطہ، میر لیاقت لہڑی ایس اینڈ جی اے ڈی، بخے کمار اقلیتی امور کے مشیر ہوں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے 11 اراکین اسمبلی کو پارلیمانی سیکرٹریز مقرر کردیا۔ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ان اراکین میں سردار مسعود احمد لونی جنگلات اور جنگلی حیات، میر برکت علی بلوچ فشریز، اسفندیار خان کاکڑ اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، مینا مجید بلوچ بین الصوبائی رابطہ، میر لیاقت لہڑی ایس اینڈ جی اے ڈی، بخے کمار اقلیتی امور،.........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

عبیداللہ گورگیج پراسیکیوشن، صمد گورگیج قانون و پارلیمانی امور، مجید بادینی ٹرانسپورٹ، میر اصغر رند انرجی اور حاجی محمد خان لہڑی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا پارلیمانی سیکرٹری مقرر کیا، یاد رہے کہ 11 پارلیمانی سیکرٹریز میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے 3، پاکستان پیپلز پارٹی کے 7 جبکہ جماعت اسلامی کے 1 ایم پی اے کو پارلیمانی سیکرٹری مقرر کیا گیا ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو محکمہ مواصلات سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے



کوئٹہ، صدر مملکت آصف علی زرداری میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں اس موقع پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور گورنر جعفر خان مندوخیل موجود ہیں

روزنامہ ایکسپریس سنچری کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 145 | منگل، 28 شوال، 7 مئی 2024ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# صدر مملکت کا دورہ عوام دوستی کا مظہر ہے: میر سرفراز بگٹی

## صوبے کے مسائل بات چیت سے حل، ملک میں سیاسی مفاہمت کے مثبت نتائج نکلیں گے

### ایوان صدر سے بلوچستان کے عوام کی امیدیں وابستہ ہیں، وزیراعلیٰ کا عشائیے سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صدر مملکت آصف علی زرداری کا دورہ بلوچستان یہاں کی عوام سے دوستی کا مظہر ہے ایوان صدر سے بلوچستان کو امیدیں وابستہ ہیں صوبے کو پارلیمنٹ کے ذریعے سیاسی لیڈرشپ سے حقوق ملے۔ ان خیالات کا اظہار وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

صدر مملکت کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے صدر مملکت کو خوش آمدید کرتے ہوئے کہا کہ کافی عرصہ بعد ایک صدر مملکت دو روز کے لئے بلوچستان آئے ہیں بحیثیت صدر پہلے دور صدارت میں بھی بلوچستان کے مسائل حل اور بلوچستان سمیت چاروں صوبوں کو اٹھارویں ترمیم میں صوبائی خودمختاری آئین کے ذریعے دی گئی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل سیاسی بات چیت سے حل ہوں گے اور پورے پاکستان میں سیاسی مفاہمت کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوں گے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں موسمیاتی تبدیلی، امن وامان، گورننس کے چیلنجز درپیش ہیں سرسبز بلوچستان کے وژن کو آگے بڑھایا جائے گا۔



کوئٹہ: صدر آصف زرداری وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی جانب سے دیئے گئے عشائیہ سے خطاب کررہے ہیں، نومنتخب گورنر جعفر مندوخیل بھی موجود ہیں



کوئٹہ: صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزراء کیساتھ ملاقات کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو محکمہ مواصلات سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Da

Bullet No.________

Page No.________

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب حب
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631069 & 32634518
قیمت 40 روپے ★ صفحات 8
جلد نمبر 36 | بروز اتوار 05 مئی 2024ء بمطابق 26 شوال المکرم 1445ھ | شمارہ نمبر 124

# اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے جوائنٹ چیک پوسٹیں قائم کریں گے، سرفراز بگٹی

ٹرانسپورٹرز کے جائز مسائل حل کئے جائینگے، انسداد اسمگلنگ کارروائی جاری رہے گی، وزیراعلیٰ کی ٹرانسپورٹرز کے وفد سے بات چیت

صوبے میں گورننس کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، 60 سے زائد تجاویز پر اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت جاری ہے، سول سرونٹس کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ہفتہ کو یہاں ٹرانسپورٹرز کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا ملاقات میں صوبائی وزیر خوراک حاجی علی مدد جتک، رکن بلوچستان اسمبلی میر لیاقت علی لہڑی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان سول سروس ایگزیکٹو برانچ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے بقیہ نمبر 58 صفحہ 7 پر

### وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے سینیٹر دنیش کمار کی عیادت کی

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہفتہ کو یہاں مقامی اسپتال میں بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سینیٹر دنیش کمار کی عیادت کی اور ان کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

کا اظہار کیا اس موقع پر صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ... سینیٹر آغا شاہ زیب درانی بھی موجود تھے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سول سرونٹس BCS آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہا ہے



چیف منسٹر بلوچستان میر سرفراز بگٹی ... سے ملاقات ... موجود ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No.________ Page No.________



THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب حب بلوچستان

قیمت 40 روپے ★ صفحات 8

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 36 | بروز ہفتہ 04 مئی 2024ء بمطابق 25 شوال المکرم 1445ھ | شمارہ نمبر 123


## صوبائی حکومت صحافی برادری کے مسائل کا ادراک رکھتی ہے، وزیراعلیٰ

### صحافی ہمارے معاشرے کا پڑھا لکھا طبقہ ہے جو کمزوریوں اور کوتاہیوں کی نشاندہی کرتا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عالمی یوم صحافت کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ میڈیا کو ہمارے ملک میں چوتھے ستون کی حیثیت حاصل ہے جو عوام کو پل پل باخبر رکھنے اور انہیں شعور اور آگہی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صحافی بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

ہمارے معاشرے کا پڑھا لکھا طبقہ ہیں جو کمزوریوں اور کوتاہیوں کی نشاندہی کرتے ہیں اور معاشرے میں قانون عدل و انصاف اور مساوات کے پرچار میں اپنا انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ہمارے صوبے میں گزشتہ کئی سالوں سے ذرائع ابلاغ سے وابستہ نمائندوں کے لیے مشکلات اور مسائل کا سامنا رہا ہے اور ہمارے صوبے کے کئی ہونہار باصلاحیت صحافی اور رپورٹرز نے عوام تک معلومات کی بروقت رسائی کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے ان تمام شہید صحافیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے توقع ظاہر کی ہے کہ صحافی ملک اور معاشرے کی ترقی و خوشحالی کے لئے اپنے موثر کردار کو احسن انداز سے سرانجام دیتے رہیں گے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت صحافی برادری کے مسائل کا ادراک رکھتی ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گندم خریداری سے متعلق محکمہ خوراک کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اراکین صوبائی اسمبلی فضل قادر، میر رحمت صالح بلوچ اور میر خیر جان بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times

92 NEWS MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 736 QUETTA Tuesday May 07, 2024 /Shawwal, 28 1445 Rs: 30


# CM, ministers call on President

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti and provincial ministers on Monday called on President Asif Ali Zardari at the CM House.

The provincial ministers included Mir Sadiq Umrani, Ali Madad Jattak, Mir Zahoor Buledi, Sardar Abdur Rehman Kethran, Mir Saleem Khosa, Faisal Jamali, Gazal Gola and Nawab Sanaullah Zehri, a member of the provincial assembly and senior PPP leader, the President Secretariat Press Wing said in a press release.

Earlier, President Asif Ali Zardari arrived in Quetta on a maiden official visit to Balochistan after assuming office.



**QUETTA:** Newly appointed Governor Balochistan Sheikh Jafar Mandokhail receives President Zardari upon arrival in Quetta on Monday. CM Balochistan Sarfraz Bugti also present on the occasion.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 07 MAY 2024 Page No.


## گلستان میں فورسز اور مقامی افراد کے درمیان تصادم، 2 افراد ہلاک، 18 زخمی

### افیون تلف کرنے کیلئے اینٹی نارکوٹکس ایف سی اور لیویز کے آپریشن کے دوران تصادم اچانک شروع ہوا

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) گلستان میں فورسز اور مقامی لوگوں کے درمیان تصادم' فائرنگ سے دو افراد ہلاک، 18 سے زائد زخمی ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے گلستان میں اینٹی نارکوٹکس ایف سی اور لیویز کی جانب سے 3 روز سے افیون کاشت کرنے والوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ گزشتہ شام فورسز اور مقامی لوگوں کے درمیان اچانک تصادم شروع ہوگیا جس میں دونوں جانب سے بھاری اسلحہ کا استعمال کیا گیا آدھ گھنٹہ جاری رہنے والے تصادم میں محمد ان شاہ ولی بادیزئی اور شہزادہ غیبزئی موقع پر ہلاک جبکہ 5 افراد زخمی ہو گئے۔ فورسز کے بھی ایک درجن سے زائد اہلکاروں کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں جنہیں سی ایم ایچ کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ دوسری جانب مقامی لوگوں نے تک اینٹی نارکوٹکس سمیت دیگر فورسز کے خلاف کوئٹہ چمن شاہراہ قلعہ عبداللہ کے مختلف مقامات پر احتجاجاً بند کردی جس کی وجہ سے دونوں جانب سیکڑوں گاڑیاں پھنس گئیں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

## کوئٹہ: پولیس کارروائیوں میں 16 افراد گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 16 ملزمان کو گرفتار کرکے بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ قبضے میں لے لیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد جواد طارق ہدایت پر ایس ایچ او صدر حاجی عبدالحئی گرانی نے کاروائی کرتے ہوئے منشیات فروش عبدالرحیم کو گرفتار کرکے 1 کلو چرس 400 گرام شیشہ آئس برآمد کرلیا جبکہ ایس ایچ او منظور شہید روف جبار شاہوانی نے موٹر سائیکل چھیننے والے فوری کے محمد صادق اور ظاہر شاہ کو گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کرلیا ایس ایچ او براوری ندیم خان نے اشتہاری ملزم محب احمد کو اور نجی گن مین روشن کو گرفتار کرکے رائفل بمعہ راونڈ جبکہ ایس ایچ او شالکوٹ راشد نے اشتہاری ملزمان نیاز محمد اور اختر کو گرفتار کرکے اسلحہ ایس ایچ او ہنہ اوڑک نوید کاکڑ نے اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزمان فیض، سراج، عین الدین، نجیب، اشرف، عبدالعلی، مولاداد، ملک فرحان کو گرفتار کرلیا۔

## کچلاک: موٹر سائیکل چھیننے کی وارداتوں میں ملوث ملزم گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کچلاک پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کچلاک پولیس نے ایک کاروائی کے دوران موٹر سائیکلیں چھیننے کی وارداتوں میں ملوث ملزم حبیب الرحمان کو گرفتار کرلیا۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈھاڈر، کالی وردی میں ملبوس ڈاکوؤں کی منفرد کارروائی

### ہندو تاجر سے لاکھوں روپے نقدی اور قیمتی اشیاء لوٹ کر فرار ہوگئے

پولیس اور ڈاکوؤں کی پہچان کیسے، شہری اور ٹرانسپورٹرز خوف اور مخمصے کا شکار

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ڈھاڈر میں نیشنل ہائی وے پر کالی وردی میں ملبوس ڈاکوؤں کی منفرد کارروائی ہندو تاجر سے لاکھوں روپے اور قیمتی اشیاء لوٹ کر فرار تفصیلات کے مطابق پولیس ایریا میں ڈکیتی کا منفرد انداز ڈاکو سرکاری نما کالی وردی پہن کر نیشنل ہائی وے پر جیکب آباد کے رہائشی چاول کے بیوپاری موتی لال جو اپنی گاڑی پر ڈھاڈر شہر سے وصولیاں کرکے واپس سبی کی طرف جا رہے تھے کہ مشکاف کراس کے قریب سرکاری نما کالی وردی میں ملبوس کچھ مسلح افراد نے انہیں روک کر چیکنگ کے بہانے مین روڈ سے دور کچھری ........ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

کی طرف ویرانے میں لے جا کر ان سے 8 لاکھ سے زائد رقم اور موبائل فون وغیرہ چھین کر اسے چھوڑ دیا اور با آسانی فرار ہوگئے

## سی آئی اے لورالائی کی کاروائی میں ایک شخص گرفتار قبضے سے بغیر لائسنس پسٹل برآمد

لورالائی (نامہ نگار) سی آئی اے لورالائی انچارج سب انسپکٹر عبدالرازق کی سربراہی میں اے ایس آئی محمد خان اور سی آئی اے کی دیگر ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے سید میر ساکن لغٹی لورالائی کو گرفتار کرکے اسکے قبضے سے بغیر لائسنس پسٹل برآمد کرکے ........ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

اسکے خلاف مقدمہ فرد نمبر 024/118 بجرم بلوچستان آرمز ایکٹ 2022 درج کرلیا مزید تفتیش پولیس تھانہ صادق علی شہید لورالائی کررہی ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.____

Dated: 07 MAY 2024 Page No.____


## گوادر میں ایک بار پھر باڑ لگانے کا معاملہ، بلوچستان مزید تنازعات کا متحمل نہیں ہوسکتا!

گوادر شہر اور اس کے مضافات کے درمیان باڑ لگانے کے حوالے سے دوبارہ اطلاعات آرہی ہیں۔ چند برس قبل سکیورٹی کی غرض سے پاک فوج نے باڑ لگانے کے منصوبے پر کام شروع کیا تھا۔ اس باڑ کو 25 کلومیٹر کے علاقے میں لگایا جانا تھا مگر قوم پرست جماعتوں، عوامی احتجاج اور عدالت میں درخواست دیئے جانے کے بعد گوادر میں باڑ لگانے کا کام روک دیا گیا تھا۔ اس وقت معاملہ بلوچستان اسمبلی تک پہنچا تھا جس کے بعد ایک کمیٹی بھی بنائی گئی تھی جس کے بعد اس وقت کی حکومت نے احکامات جاری کیے کہ یہاں جو بھی کام ہوگا اس میں مقامی افراد کو شامل کیا جائے گا اور پھر اسمبلی سے توثیق کروائی جائے گی۔ کمیٹی بنے گی جس میں مقامی نمائندے اور دیگر اسٹیک ہولڈر اس پر متفق ہوں گے تو ہی شہر کے اندر فینسنگ ہوگی اور وہ لیزر فینسنگ ہی ہوگی۔ بہرحال گوادر میں باڑ لگانے کے حوالے سے سابقہ دور میں یہ بات بھی سامنے آئی تھی کہ باڑ ماسٹر پلان کا حصہ ہے جس پر عمل ہوگا اور ایک صوبائی اسٹینڈنگ کمیٹی بنی ہے، وہ یہاں آئے گی لوگوں سے ملے گی اور پھر جو تجاویز دے گی اس کے بعد ہی فیصلہ کیا جائے گا جب تک لوگوں کے تحفظات ختم نہیں ہوتے ہم اس کو آگے نہیں بڑھائیں گے۔ اس کے بعد اس کی مکمل تفصیلات تو سامنے نہیں آئی تھیں لیکن اب ایک بار پھر گوادر میں باڑ لگانے کے حوالے سے قوم پرست جماعتوں، حق دو تحریک کی جانب سے ردعمل سامنے آرہا ہے کہ گوادر میں باڑ لگانے کا منصوبہ کسی صورت قابل قبول نہیں جبکہ بی این پی مینگل نے عدالت سے رجوع کرنے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ بہرحال گوادر میں باڑ لگانے کا معاملہ ایک نئے تنازعہ کو جنم دے گا، بلوچستان میں پہلے سے ہی سیاسی مسائل بہت زیادہ ہیں جنہیں حل کرنے پر زور دیا جارہا ہے تاکہ بلوچستان میں سیاسی ڈائیلاگ کے ذریعے معاملات کا حل نکالا جاسکے۔ گوادر میں باڑ لگانے کا معاملہ مسائل میں اضافہ پیدا کرے گا اس لئے ضروری ہے کہ وہ اقدامات کئے جائیں جو تمام اسٹیک ہولڈرز خاص کر عوامی خواہشات کی امنگوں کے مطابق ہو۔ بلوچستان مزید تنازعات کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے سب ہی کوشاں ہیں جس کیلئے مشترکہ پالیسی اپنانی ہوگی تاکہ خطے کی محرومی و پسماندگی کا خاتمہ ممکن ہو۔ گوادر ملکی ترقی کی کنجی ہے اور یہاں کے عوام اپنی زندگیوں میں تبدیلی دیکھنا چاہتے ہیں جہاں ایسی معاشی، سیاسی، سماجی پالیسیاں ہوں جہاں انہیں ہر قسم کی معاشرتی سماجی آزادی کا حق حاصل ہو۔ گوادر میں باڑ لگانے کے منصوبے سے عوام میں بے چینی پیدا ہوگی جن کی شراکت داری، رضامندی سے ہی ترقی اور خوشحالی کے شاندار سفر کا آغاز ممکن ہوگا بصورت دیگر بلوچستان میں ایک اور نیا محاذ کھل جائے گا اور یہاں کے عوام ایک نئی بے چینی کی طرف جائیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No._______ Dated: 0 7 MAY 202 Page No._______


## پی پی ایل پبلک لائبریری قلات: زبوں حالی کا شکار


تحریر: جعفر قمبرانی


تعلیمی میدان میں لائبریریوں کا کردار نا قابل فراموش ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ علم حاصل کرنے اور کتاب پڑھنے کے کلچر کو فروغ دینے میں لائبریریاں بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ لائبریریاں طلباء کی توجہ مطالعہ کی جانب بڑھاتی ہیں اور علم کے سمندر میں غوطہ لگانے کے نئے اور جدید طریقوں سے واقف کراتی ہیں۔ دنیا میں جہاں بھی تعلیم کا رواج عام ہوا ہے تو وہ صرف لائبریریوں کی ہی بدولت۔ ایک ہم ہے کہ تمام تعلیمی سہولیات کی فقدان کے ساتھ ساتھ اچھے اور معیاری لائبریریوں سے بھی محروم ہیں۔ قلات جہاں ایک بھی معیاری تعلیمی ادارہ نہیں وہی لائبریریاں بھی بند پڑی ہوئی ہے یا سہولیات کا اس قدر فقدان ہے کہ انہیں گھوسٹ لائبریریوں کا نام دینا ہی مناسب ہوگا۔

پی پی ایل کی جانب سے 2012 میں بنائی گئی ایک واحد عوامی لائبریری ہے جو کہ کئی سال سے کھنڈرات کا منظر پیش کررہی ہے۔ پی پی ایل کی جانب سے تعمیر کی گئی یہ لائبریری حکومتی غیر توجہی اور حکام کی جانب سے نظر انداز کیے جانے کی وجہ سے ایک بھوت بنگلے کا منظر پیش کرتی ہے جس میں لڑکیوں کیلئے علیحدہ کمرے تک نہیں۔ لائبریری میں موجود واحد ہال نما کمرہ کرسی اور دیگر ضروری سامان سے محروم ہے۔ کرسیوں، لیپ ٹاپ اور جدید سائنسی کتابوں کی کمی کا ذکر کیسے کی جائے جہاں قلات کے اس واحد لائبریری میں صفائی اور دیگر انتظامی امور کیلئے ملازمین تک موجود نہیں۔ لائبریری میں موجود واحد شخص جہانزیب مینگل بلوچ سے بات چیت کے دوران معلوم ہوا کہ وہ لائبریری میں لائبریری اسسٹنٹ سے لے کر چپڑاسی اور مالی تک کے تمام امور کو سنبھالتا ہے۔ گیٹ کھولنے سے صفائی، شجر کاری اور بازار سے اخبارات ورسائل لانے تک کا سارا کام وہی ایک شخص کرتا ہے۔ حیرانی کی بات یہ ہے کہ اس بھوت بنگلے میں ایک ہی شخص (JM)13 سے 14 گھنٹے پابندی سے نوکری کرتا ہے اور دیگر اسٹاف یا تو سرے سے ہے ہی نہیں یا کسی سفارش کے بل بوتے ڈیوٹی انجام دینے سے قاصر ہیں۔

جہانزیب نے بتایا کہ وہ لائبریری کے ماحول سے جزباتی طور پر جڑے ہے اور اس میں خدمات اس لئے انجام دیں رہیں ہے کہ اسے کتابوں سے انسیت ہے۔ تاہم حیرانی کی بات یہ کہ کھنڈرات نما لائبریری نے کبھی حکومت یا لائبریری انچارج کی توجہ اپنی طرف مبذول نہیں کرائی اور نا ہی لائبریری کی دیکھ بھال اور ترقیاتی کاموں کیلئے کوئی فنڈ موصول ہوئی۔

میرے مشاہدے کے مطابق لائبریری کے انچارج کوسوں دور کوئٹہ میں مقیم ہے جس کو لائبریری کی نا فکر ہے اور نا ہی خبر کہ لائبریری میں آئے طلبہ کن مسائل کے شکار ہیں۔ مختصر یہ ہے کہ محکمہ تعلیم اور افسران لائبریری کی ابتر حالت کو ہمیشہ نظر انداز کرتے رہے ہیں جن کی وجہ سے لائبریری قرضوں میں ڈوب گیا ہے۔ یوٹیلیٹی (بجلی، پانی اور انٹرنیٹ) کے بل لاکھوں میں پہنچ گئے ہیں۔ جے ایم نے دعوی کیا کہ لائبریری کبھی محکمہ تعلیم کے پاس تھی جس نے کبھی اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی زحمت نہیں کی۔ ان کے مطابق پی پی ایل لائبریری قلات صرف اس وقت سے اخبارات کی ستر ہزار (70,000) کی مقروض ہے جب محکمہ تعلیم کی نگرانی میں تھی۔ دوسری جانب شہر کی واحد بھوت لائبریری میں آنے والی بدقسمت لڑکیوں کو واش روم کی کمی، مطالعہ کے لیے الگ کمرے اور انٹرنیٹ کی سہولیات کی عدم دستیابی کی وجہ سے کافی مشکلات کا سامنا ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہزاروں طالبات میں سے 30 سے بھی کم طالبات لائبریری آتی ہیں اور اپنے تعلیمی وتدریسی حقوق کو پہچان سکتی ہیں۔ میں لائبریری کے مستقل رکن کی حیثیت سے اعلیٰ حکام سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ کم از کم لڑکیوں کے لیے الگ کمرے بنائیں، لائبریری کو بنیادی سہولیات جیسے انٹرنیٹ، لیپ ٹاپ، کتابیں اور دیگر اسٹڈی گیجٹس فراہم کریں۔ مزید براں کہ لائبریری کو بدانتظامی سے دور رکھنے کے لیے کم از کم 8-10 آسامیوں کا اعلان کیا جائے تاکہ لائبریری کی تمام تر امور روزانہ کے طور پر منظم طریقے سے سرانجام دیے جاسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 07 MAY 2024 Page No.


# Mushroom growth of private schools

The growth of private schools is fast increasing in Balochistan. Their gleaming buildings and promises of a polished education are luring parents away from the oft-maligned public system. But is this rapid growth a sign of progress or a symptom of deeper societal fissures? For many parents, private schools represent a chance to break the cycle of poverty and secure a brighter future for their children. They see it as an investment, a risk they're willing to take to climb the social ladder. This upward mobility, driven by education, can be a powerful engine for progress, both for individuals and for the nation as a whole. Unfortunately, in Balochistan the government-run schools are in precarious condition. Around 70 percent of public sector schools have no basic facilities including drinking water, electricity and boundary walls. Reportedly, 1.2 million children are in state-run schools, while 0.5 million children are in private institutions of Balochistan. Regrettably, the private schools established in every nook and corner of the cities mostly do not fulfill the criteria of schools but despite that they are getting N.O.C from concerned authorities and functioning without any hesitation. Most of the private schools located in residential areas particularly in Quetta lack playgrounds, wide class rooms and other requirements which are essential for schools. Private school owners take buildings in residential areas and colonies on rent and establish schools. In various parts of Quetta city private schools are located which not only do not fulfill the required requirement but also become trouble makers for its neighbours. Business oriented schools are located in congested areas, colonies and small housing schemes which do not fulfill the basic requirements of schools. Therefore, in various parts of Quetta city schools are established in rented buildings with no proper planning due to which not only the education of children is compromised but also the residents of the area are disturbed.

The urbanization is increasing fast and the quality of government schools instead of improving is heading towards degradation very fast, therefore parents have no other choice but to send their children to private schools. It is essential that the government must improve the condition and quality of government run schools throughout the province so that people could not depend on private schools. Secondly, private schools established in Quetta city and other districts must be scrutinized if they really fulfill the criteria to get N.O.C to open school. No doubt a number of private schools play a dynamic role in promotion of education but those that violate the rules must be checked.

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
Daily: Tribune Express Karachi
Bullet No.
Dated 04 MAY 2024 Page No.

# Balochistan to buy 0.5m tons wheat

## CM allocates Rs5 billion for procurement

OUR CORRESPONDENT
QUETTA

Balochistan government has decided to procure 500,000 tons of wheat under the provincial government wheat procurement policy 2024.

In a bid to ensure food security and support local farmers, Chief Minister Mir Sarfraz Bugti chaired an important meeting of the Food Department, where a comprehensive review of the wheat procurement policy and plan for 2024 was undertaken.

During the meeting, it was decided that the wheat procurement process would kick off from the upcoming Monday across Balochistan. Chief Minister ordered the procurement of 500,000 tons of wheat directly from farmers this year, aiming to bolster agricultural activities in the region.

To facilitate the procurement, the cabinet approved an allocation of Rs5 billion. Chief Minister Bugti directed the Finance Department to release Rs2.5 billion on Monday, with the remaining amount scheduled for release later this month. Additionally, an immediate release of Rs13.9 million was sanctioned for the purchase of bags essential for the procurement process.

> Chief Minister Bugti reiterated his commitment to providing relief to farmers and ensure transparency

Speaking on the occasion, Chief Minister Bugti reiterated his commitment to providing relief to farmers and ensure transparency in the functioning of the Food Department. He expressed determination to eradicate corruption and restore trust in the department, acknowledging the past scandals that had tarnished its reputation.

Secretary Food Balochistan, Asghar Harifal, briefed the meeting on the finalized steps for wheat procurement, indicating a proactive approach towards executing the plan.

Provincial Food Minister Noor Muhammad Damar and Mir Tariq Magsi were among the key participants, underscoring the government's concerted efforts in this regard.

The meeting also saw the presence of Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Principal Secretary Imran Zarkoon, Special Secretary Isfandiar Baloch, and other relevant officials, reflecting a collaborative approach towards implementing the wheat procurement plan effectively.

It may be recalled that in a directive last month, Bugti urged the importance of accountability and responsiveness to public concerns, urging all government members to actively engage with the populace and address their grievances.

"As elected representatives, it is our solemn duty to lend an ear to the people's problems and work tirelessly to resolve them," he said.

"We have been entrusted with a mandate to serve the public and restore their faith in the state and its institutions," he said.

Chief Minister Bugti's remarks come amidst a case of recidivism involving a Pakistan Peoples Party (PPP) member provincial assembly, Ali Madad Jattak and a professor at the University of Balochistan, shedding light on broader issues of governance and accountability within the province. The PPP lawmaker was accused of using an aggressive and inappropriate language with a female university professor. This caused an outcry on social media prompting the Chief Minister Balochistan, Mir Sarfaraz Bugti to seek apology on behalf of Ali Madad Jattak from the female professor.

"Where mistakes have been made, the government stands ready to offer sincere apologies to the people," affirmed Chief Minister Bugti. "Our commitment lies in service and improvement, with a staunch rejection of any malice or wrongdoing," he added.

Highlighting the significance of women in Pakistani politics, Chief Minister expressed his profound respect for female leaders, particularly citing the legacy of Nusrat Bhutto and Benazir Bhutto Shaheed within the PPP.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________

Dated: 07 MAY 2024 Page No.________



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران سابق گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے گفتگو کررہے ہیں



کوئٹہ، سردار عبدالرحمان کھیتران اور ضیاء لانگو دوران ملاقات بات چیت کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران سے وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی بات چیت کررہے ہیں



پشین، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ سرکاری گودام میں گندم کا معائنہ کررہے ہیں



وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو عوامی مسائل سن رہے ہیں



وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو عوامی نمائندے سے گلے مل رہے ہیں